کل نمبر:25 — **اُردو (پنجم) ٹیسٹ نمبر 1** — **وقت:25 منٹ**

دوسرا مہینا، دوسرا ہفتہ، چھٹا دن	**سلیبس:** دہرائی ٹیسٹ (دوسرا ہفتہ)

حصہ اوّل

سوال نمبر 1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ **(12)**

1۔ ''قصور'' کے درست حروف کی نشان دہی کریں:

(الف)	ق-ص-و-ر	(ب)	ق-ص-ر-و	(ج)	ق-ر-ص-و	(د)	ق-و-ر-ص

2۔ ''ندیاں'' کا واحد ہے:

(الف)	ندا	(ب)	ندی	(ج)	ندائیہ	(د)	نادر

3۔ شاہین پہاڑ کی چوٹی ______ بیٹھا ہے۔ درست حرفِ جار سے جملہ مکمل کریں۔

(الف)	تک	(ب)	سے	(ج)	پر	(د)	میں

4۔ ''توحید نماز روزہ زکوٰۃ اور حج دینِ اسلام کے ارکان ہیں'' جملے میں علامات استعمال ہوں گی:

(الف)	۔ اور ،	(ب)	۔ اور ؟	(ج)	۔ اور !	(د)	۔ اور :-

5۔ انھوں نے بتایا کہ بازار سے گھر ______ بہت رش تھا۔ دُرست حرفِ جار کی نشان دہی کریں۔

(الف)	سے	(ب)	میں	(ج)	تک	(د)	پر

6۔ ''رسّی، کنگھی، لکڑی'' مثالیں ہیں:

(الف)	متشابہ کی	(ب)	واحد کی	(ج)	جمع کی	(د)	متضاد کی

7۔ ''جو وعدہ پورا نہیں کرتا اس کا کوئی دین نہیں۔'' یہ ارشاد ہے:

(الف)	نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کا	(ب)	حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا
(ج)	حضرت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا	(د)	حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا

8۔ ہرمزان نے کیا پینے کی درخواست کی؟

(الف)	پانی	(ب)	شربت	(ج)	لسّی	(د)	دُودھ

9۔ اللہ تعالیٰ نے وعدے کے متعلق سورۃ اسرائیل کی کس آیت میں ارشاد فرمایا؟

(الف)	۳۳	(ب)	۳۴	(ج)	۳۵	(د)	۳۶

☆ **مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات 10، 11 اور 12 کے جوابات دیں۔**

دادا جان (مُسکراتے ہوئے): آج میں آپ کو دو واقعات سناؤں گا، جنھیں سُننے کے بعد آپ کو بتانا ہوگا کہ آپ نے ان سے کیا

سبق سیکھا۔ ہم سب دادا جان کی بات پر راضی ہوگئے۔ دادا جان نے واقعہ سنانا شروع کیا۔

دادا جان: ملک ایران کے ایک صوبے کے حاکم کا نام تھا: ''ہرمزان'' مسلمانوں کے ساتھ ایک جنگ میں اُسے شکست ہوگئی۔ ہرمزان جنگی قیدی کی حیثیت سے خلیفۂ وقت کے دربار میں پیش کیا گیا۔ خلیفہ نے اُس کے سامنے ایک شرط رکھی کہ اگر وہ اپنے گناہوں کی معافی مانگ لے اور اسلام قبول کرلے تو ہوسکتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اُسے بخش دے۔ اسی میں اُس کی دُنیا اور آخرت کی بھلائی ہے، اور اگر وہ اسلام قبول نہیں کرتا تو پھر اسے اس کے جرائم کی سزا ملے گی۔

10۔ مندرجہ بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

(الف)	میری پہچان ہے تو	(ب)	جو وعدہ کرو سو پورا کرو
(ج)	اے وطن! تو سلامت رہے	(د)	ہمارے پیشے

11۔ ہرمزان کے اسلام قبول کرنے میں ہے:

(الف)	دنیا اور آخرت کی بھلائی	(ب)	معاشرے اور دنیا کی بھلائی
(ج)	اہلِ خانہ اور معاشرے کی بھلائی	(د)	دوستوں اور معاشرے کی بھلائی

12۔ ہرمزان کو جنگ میں ہوئی:

(الف)	شکست	(ب)	جیت	(ج)	خوشی	(د)	پریشانی

حصہ دوم

سوال نمبر 1: اللہ تعالیٰ کی عطا کی ہوئی پانچ نعمتوں کے نام اور ان کی ضرورت واہمیت کے بارے میں لکھیں۔ **(7)**

حصہ سوم

سوال نمبر 1: امتحان میں کامیاب ہونے کی اطلاع دینے کے لیے والد کے نام خط لکھیں۔ **(6)**

یا

سوال نمبر 2: نیچے دیے ہوئے اشعار کی نثر لکھیں۔

تم پیڑ اُگانا کہ یہ صدقہ ہے عزیزم! — اِس کام کی برکت سے بڑا نام کرو گے
اِک روز مرے بیٹے اِسی کام سبب تم — پھل کھاؤ گے اور سائے میں آرام کرو گے